سہگل پروڈکشنز کا تیار کردہ

Badl

بھارتی

سستا رسالہ

نقلی بیونت - ایجنٹ بنئی

جالی ڈاکہ وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رحمن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

سنسار کے اتہاس میں وہ دیش سدا امر رہے گا۔ جہاں سچائی اور اہنسا کی لڑائی لڑی گئی۔ یہ کہانی بھی ایک ایسے دیش کی کہانی ہے۔ جہاں جنتا سکھ اور شانتی سے جیون بتا رہی تھی۔ وہ دیش سچ مچ سونے کی چڑیا تھی۔ آگے پردہ فلم پر دیکھیں۔

26 جنوری کے گانے

گانا نمبر ۱

بھارتی:۔ سونے کی جہاں دھرتی چاندی کا گگن ہے
وہ میرا وطن، میرا وطن، میرا وطن ہے

کورس:۔ سونے کی جہاں۔۔۔

بھارتی:۔ ہر لہر جہاں گیت ہے ہر موج ہے سنگیت
اس دنیا کی جو ریت ہے کہتے ہیں اسے پریت
ذرّہ بھی جہاں پھول ہے گھر اپنا چمن ہے

کورس:۔ وہ میرا وطن، میرا وطن۔۔۔

بھارتی:۔ ہم ایک ہیں اک دیش ہے اور ایک ہے بولی
مل جل کے مناتے ہیں دیوالی عید یا ہولی
ہر ایک جہاں پیار کی دھن ہی میں مگن ہے

کورس:۔ وہ میرا وطن، میرا وطن۔۔۔

گانا نمبر ۲

چھوڑ بھی دے آکاش سنگھاسن ادھر دھرتی پر آ جا رے
بیچ بھنور ہے دھرم کی نیا۔ نیا پار لگا جا رے
کانپ رہی ہے دھرتی تھر تھر۔ آگ کے بادل برسیں جھر جھر

بڑھتی جائے پاپ کی گری - پگھل رہا ہے پتھر پتھر
اندھکاری اندھکار ہے - آکر جوت جگا جا رے
چھوڑ بھی دے آکاش سنگھاسن
پھر دھرتی پر آجا رے - آجا رے آجا رے
نردوشوں کا لہو ہے بہتا - اک ماں کا دل رو رو کہتا
پاپی بیٹھے موج مناتے ہیں - دھرم کا بندہ ظلم ہے سہتا
جگ میں پھر سے دیا دھرم کی آکر بیل لگا جا رے
چھوڑ بھی دے......
جب جب بپتا پڑی جگ ماہیں - تو ہی بنا رکھوالا سائیں
پاپ کپٹ کی پھیل رہی ہے - اس جگ میں پھر سے پرچھائیں
گیتا کا اپدیش سنانے روپ بدل کر آجا رے
چھوڑ بھی دے......
یدا یدا دھرمسیہ گلانی بھوتی بھارت
ابھیتھانم دھرمسیہ تداتمانم سرجامیہم
گانا نمبر ۳
رو رو کے دل پکارے - ڈھونڈھے تیرے اشارے
کہتے ہیں غم کے مارے - اب ہم ہیں بے سہارے
بس ایک بار آجا - آجا
دن اب رہا نہیں دن - اک رات ہو گئی ہے
یہ دل ہی جانتا ہے - کیا بات ہو گئی ہے
بیری ہوئے ستارے قسمت سے ہم تو ہارے
بس ایک بار آجا - آجا

لاؤں کہاں سے اب ہیں گزرا ہوا زمانہ
بھولوں کے درمیاں تھا جس میرا آشیانہ
ان کے جو دن گزارے کیسے کوئی بسارے
بس ایک بار آ جا آ جا
رو رو کے دل پکارے۔۔

گانا نمبر ۱۰

او چاند مجھ کو ذرا یہ بتا۔ دیکھا ہے تو نے بھی کیا
دل ہے میرا کھو گیا
او چاند کتنی ہے رات جواں۔ مستی بھرا ہے سماں
مجھ کو نشہ ہو گیا
ہوا ہے آج میرا دل دیوانہ۔ او چاند میرے پاس آ جانا
میں چھپ کے تجھ سے دل کی بات کہہ لوں
میں تیرے ساتھ دو گھڑی رہ لوں
او چاند مجھ سے نہ ہونا جدا۔ دل سے ہوئی ہے خطا
او چاند مجھ کو ذرا یہ بتا۔۔۔
چلی ہیں آج کیسی یہ ہوائیں۔ وہ کاش میرے پاس آ جائیں
میں لے کے ہاتھ ان کا پھر نہ چھوڑوں
یہ ڈور پیار کی میں نہ توڑوں
او چاند آنکھیں نہ ایسے نہ چرا
مجھ کو نہ اتنا ستا۔ دل ہے میرا کھو گیا
او چاند مجھ کو ذرا یہ بتا۔ دیکھا ہے تو نے بھی کیا
دل ہے میرا کھو گیا۔۔۔

گانا نمبر ۵

آنکھ روئی مگر مسکرانا پڑا
دِل کے ٹکڑے ہوئے پھر بھی آنا پڑا
آنکھ روئی مگر...

باغباں آج خوش ہے چمن بیچ کے
اپنی اُلفت کی خاطر وطن بیچ کے
سر پہ الزام یہ بھی اُٹھانا پڑا
دِل کے ٹکڑے ہوئے پھر بھی آنا پڑا
آنکھ روئی مگر مسکرانا پڑا
دِل کے ٹکڑے ہوئے پھر بھی آنا پڑا
آنکھ روئی مگر...

آخری دم سے جواں یہ محبت رہے
میرا کیا ہے مگر تو سلامت رہے
بس یہی سوچ کر زہر کھانا پڑا
آنکھ روئی مگر مسکرانا پڑا
دِل کے ٹکڑے...

گانا نمبر ۶

او تیرے ساتھ ساتھ میری دُنیا بھی جا رہی ہے
دِن چھپ رہا ہے غم کی اب شام آ رہی ہے
چلا ہے پیار کا راہی او ندیا راستہ دینا
کسی ٹوٹے ہوئے دِل کی ارے لہرو دُعا لینا
بگڑ جائے گا کیا تیرا ارے طوفاں ذرا تھم جا

مسافر پار اتر جائے اسے پانی ذرا تھم جا
کہیں میری محبت کو نہ ڈبا دے اٹھا لینا
چلا ہے پیار کا راہی ..

کسی کی زندگی سے تو کھیل کر اے موت کیا لیگی
ملا کیا چار دن بھی پیار کو فرصت نہیں دیگی
لہو کی پیاس میری جان لیکر تو بجھا لینا
چلا ہے پیار کا راہی ...

گانا نمبر

دیکھو جی دیکھو دیکھو - آنکھ سے آنکھ لڑی
چھوٹی رے چھوٹی دل کی پھلجھڑی
ہوا دھماکہ - چھوٹا پٹاخہ - دل نے کہا مجھے تھامنا
ہوش گنوائی - دل گھبرائے - کیسا ہوا یہ سامنا
ہو گئی رے ہو گئی ہو گئی - چھوٹی سی بات بڑی
چھوٹی رے چھوٹی ...

دیکھو جی دیکھو دیکھو - آنکھ سے آنکھ لڑی
آج سہانا لاگے زمانہ - پیار کی ہے جادوگری
سلمی سجائی رنگ میں لائی - دل کی یہ بارہ دری
چلتی ہے تیری تیری - آج یہ دل کی گھڑی
چھوٹی رے چھوٹی ..

دور یہ دیکھو جی اودھر - تھوڑی تو دیر چلے
جاگے نصیب اپنا زیب - دیکھ کے چلے چلے
دن یہ مراد کا - خوشیوں کی ہے یہ گھڑی

چھوئی رے چھوئی...
جے جے رام کرشن ہری - جے جے رام کرشن ہری
آجا کاہے کو دیر کری
آجا کاہے کو دیر کری

جے جے رام کرشن ہری
ختم شد

الہ آباد پریس دہلی